DAY — 13 SEAT NUMBER | | | | | | |

2025	II	28	1100	J-345	(U)

TEXTILES (44)

Time : 3 Hrs. **(8 Pages)** **Max. Marks : 70**

ہدایات :- (۱) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(۲) جہاں ضروری ہوں اشکال بنائیں۔

(۳) بائیں جانب کل نمبرات کی نشاندہی کی گئی ہے۔

(۴) ہر سوال کا جواب نئے صفحے سے شروع کریں۔

سوال نمبر ۱:- (الف) مندرجہ ذیل سے مناسب متبادل چُن کر جملے دوبارہ لکھئے۔ **[18]** *(6)*

(۱) اس پر پانی سے بچاؤ کی تکمیلی اصلاح کی جاتی ہے .....

(الف) غالیچے

(ب) رین کوٹ

(ج) بلینکٹ

(۲) ہندوستانی قدرتی رنگ سازی جو پوری دنیا میں مشہور تھی .....

(الف) سلفر ڈائز

(ب) میڈر

(ج) انڈیگو

(۳) خشک دُھلائی میں استعمال ہونے والا سالونٹ .....

(الف) اسٹارچ

(ب) نمک

(ج) کیچڑ

(۴) لائن جو اونچائی کو ظاہر کرتی ہے .....

(الف) کھڑی لکیر

(ب) آڑی لکیر

(ج) ترچھی لکیر

(۵) اسے ڈائمنڈ فائبر بھی کہا جاتا ہے .....

(الف) انگورا

(ب) موہیر

(ج) ویکونا

(٦) مخلوط بنائی کی ایک قسم ہے .....

(الف) سادہ بُنائی

(ب) ہنی کوم بُنائی

(ج) ساٹن بُنائی

(ب) مناسب جوڑیاں لگائیے۔ *(6)*

کالم ''الف''	کالم ''ب''
(الف) ہاگٹ اون	(۱) بہترین قسم کا اُون
(ب) ریان کا دوسرا نام	(۲) پالسٹر
(ج) سادہ بُنائی	(۳) مصنوعی ریشم
(د) *Dacron*	(۴) دوہارنیس
(ہ) *GFRC*	(۵) مردہ بھیڑ
(و) میرینو اون	(٦) *12* سے *14* مہینے کی بھیڑ
	(۷) عمارتی تعمیرات

(ج) ہدایات کے مطابق حل کیجئے۔ *(6)*

(۱) ریشم کے کیڑے کا نام لکھئے جو کوکون میں رہتا ہے۔

(۲) مندرجہ ذیل بیان صحیح ہے یا غلط لکھئے۔

Vicuna سب سے زیادہ مہنگا اُون ہے۔

(۳) لائن سے ظاہر کئے گئے لفظ کو صحیح تلفّظ دیجئے۔

LSNIO چھوٹے ریشے کہلاتے ہیں۔

(۴) جملہ مکمل کیجئے۔

بٹک رنگ سازی میں مزاحمت کرنے والی تکنیک ..... ہے۔

(۵) جواب دیجئے میں کون ہوں ؟

آرٹ کا ایک عنصر جو ڈیزائن میں بغور دیکھا جاتا ہے۔

(۶) اوّل باہمی تعلق کو دوئم تعلق سے ظاہر کیجئے۔

مستقل تکمیلی اصلاح : مرسرائزیشن

عارضی تکنیکی اصلاح : .....

سوال نمبر۲ :- **(الف)** مندرجہ ذیل سے کوئی چھ سوالات حل کیجئے۔ *(12)* **[16]**

(۱) مندرجہ ذیل بیان صحیح ہے یا غلط وجہ بیان کرتے ہوئے لکھئے۔

طولی سوت عرضی سوت کے مقابلے مضبوط ہوتے ہیں۔

(۲) فیشن کی تعریف لکھئے۔

(۳) وضاحت کیجئے : نم کتائی *(Wet spinning)*۔

(۴) ریشم کے کپڑوں کو احتیاط سے دھونا چاہیے وجہ بیان کیجئے۔

(۵) امتیازی فرق بیان کیجئے۔ رنگائی اور چھپائی۔

(۶) *Wether wool* کی وضاحت کیجئے۔

(۷) *Vicuna* اون کے بارے میں مختصراً بیان کیجئے۔

(ب) مختصر جواب لکھئے۔ (کوئی دو) *(4)*

(۱) جنگلی ریشم۔

(۲) گلاس ریشے کے استعمال۔

(۳) اون کی حیاتیاتی خصوصیات۔

سوال نمبر۳:۔ (الف) مندرجہ ذیل سے کوئی چار حل کیجئے۔ *(12)* **[18]**

(۱) اُون کی کوئی تین طبعی خصوصیات بیان کیجئے۔

(۲) توازن اصطلاح کی وضاحت اور اس کی قسمیں بیان کیجئے۔

(۳) دی گئی تصویر کی شناخت اور وضاحت کیجئے۔



(۴) نائلون ریشے کے استعمال بیان کیجئے۔

(۵) خشک دھلائی کے آلہ کی وضاحت کیجئے۔

(ب) مختصر نوٹ لکھئے۔ (کوئی دو) *(6)*

(۱) وسکوس ریان کے استعمال۔

(۲) رنگ سازی سے کیا مراد ہے؟ رنگ سازی کی مختلف اسکیم کی وضاحت کیجئے۔

(۳) ٹیبل مکمل کیجئے اور برشنگ *(Brushing)* کی وضاحت کیجئے۔

تکمیلی اصلاح کی درجہ بندی



سوال نمبر۴:- مندرجہ ذیل کے جوابات لکھئے۔ **[18]**

(۱) پالسٹر کی مندرجہ ذیل خصوصیات بیان کیجئے۔ **(6)**

(i) طبعی خصوصیات (کوئی چار) *(4)*

(ii) حیاتیاتی خصوصیات۔ *(2)*

یا

(i) بُنائی کی تعریف لکھئے۔ *(1)*

(ii) لوم کے مختلف پُرزوں کی وضاحت کیجئے۔ *(5)*

(۲) (i) ریشم سازی سے کیا مراد ہے؟ (1) **(6)**

(ii) ریشم کے کیڑے کے دورِ حیات کی وضاحت کیجئے۔ (5)

یا

(i) تکمیلی اصلاح کے مقاصد بیان کیجئے۔ (4) **(6)**

(ii) بنیادی تکمیلی اصلاح اور مخصوص مقاصد کی تکمیلی اصلاح کی وضاحت کیجئے۔ (2)

(۳) مندرجہ ذیل روایتی ہندوستانی چھپائی (*Print*) کی وضاحت کیجئے۔ (6)

(i) قلم کاری (ii) دابو (iii) باغ

یا

مندرجہ ذیل پیراگراف کو پڑھ کر پوچھے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔

صابن الکلی اور فیٹی ایسڈ کا مرکب ہے۔ صابن کی مختلف قسمیں ہیں جیسے نیوٹرل صابن یہ قدرتی صابن ہوتے ہیں۔ یہ پھل بیج اور پودوں کی شکل میں قدیم زمانے سے دُھلائی کے طور پر استعمال ہورہے ہیں۔ یہ زیادہ تر اُون اور ریشم جیسے کپڑوں کے لئے استعمال ہوتے ہیں جیسے ریٹانٹ۔ یہ شیمپو کی طرح بالوں کو دھونے کے لئے بھی استعمال ہوتے ہیں۔ بلٹ یہ صابن اور الکلی جیسے آمیزہ سے بنے ہوتے ہیں۔ الکلی زیادہ مقدار میں جھاگ بناتے ہیں جو سوتی اور لینن جیسے کپڑوں پر ہی استعمال کئے جاسکتے ہیں۔ دوسرے ریشے اس کو برداشت نہیں کرسکتے۔ بلٹ صابن میں جھاگ اچھا بنتا ہے جو کہ ایک نارمل صابن میں

نہیں بنتا۔ سخت صابن یہ ٹکیہ کی شکل میں موجود ہوتے ہیں۔ یہ پانی میں کم حل پذیر ہے۔ کپڑے دھونے کے لئے زیادہ محنت درکار ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر سوڈیم صابن۔

(۱) صابن سے کیا مراد ہے؟ *(1)*

(۲) نام/صابن کی قسمیں لکھئے۔ *(2)*

(۳) شیمپو کا کیا استعمال ہے؟ *(1)*

(۴) دُھلائی کے لئے آپ کون سا نرم صابن یا سخت صابن استعمال کریں گے اپنے الفاظ میں بیان کیجئے۔ *(2)*

◆◆◆